لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

# Rampur State Gazette.

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۱ رمضان المبارک ۱۳۳۰ھ مطابق [illegible] | جلد [illegible]

فہرست مضامین



روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم
واقع ۱۹ مئی سنہ ۱۹۱۲ء

حاجی [illegible] حسن خانصاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کی رخصت ختم ہو گئی

[illegible] رخصت مزید تا انتظام موجودہ منظور کیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

[illegible]

# روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ مئی ۱۹۲۱ء

حسب استدعا صاحب ہوم سکریٹری بہادر بیادگار تقریب شادی نواب ولیعہد بہادر ۱م جون ۱۹۲۱ء سے بموجب تفریح تحت محصول چنگی مین جو مال تجارتی پر لیا جاتا ہے تخفیف دیجاتی ہے۔

| نمبر | نام اشیا | شرح موجودہ چنگی | شرح مجوزہ برائے آئندہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | بزازی: باستثناء پارچہ ریشم | ۵/ فی روپیہ | ۳/ فی روپیہ | |
| ۲ | پارچہ ریشم | ۵/ فی روپیہ | ۴/ فی روپیہ | |
| ۳ | بساط خانہ | ۵/ فی روپیہ | ۳/ فی روپیہ | |
| ۴ | لباس وغیرہ | ۵/ فی روپیہ | ۳/ فی روپیہ | |
| ۵ | فلزات | ۵/ فی روپیہ | ۳/ فی روپیہ | |
| ۶ | روغنیات و عطریات و شربت باستثناء روغن السی و تل و سرسوں | ۸/ فی روپیہ | ۴/ فی روپیہ | |
| ۷ | روغن السی و تل و سرسوں | ۸/ فی روپیہ | ۳/ فی روپیہ | |
| ۸ | روغن السی و تمباکو و بانس | ۸/ فی روپیہ | ۶/ فی روپیہ | |
| ۹ | کرانہ پنسارٹہ و عطاری | ۸/ فی روپیہ | ۶/ فی روپیہ | |
| ۱۰ | فواکہ و ترکاری جو دیگر شہروں کی پیداوار ہو | ۸/ فی روپیہ | ۶/ فی روپیہ | |
| | مستثنیٰ | ۸/ من | ۸/ من | |
| ۱۱ | مٹی کا تیل | ۸/ فی روپیہ | ۶/ فی روپیہ | |
| ۱۲ | بارود | ۵/ فی روپیہ | معاف | |
| ۱۴ | روغن دانہ | ۵/ فی روپیہ | معاف | |
| ۱۵ | لکڑی سوختنی | ۶/ فی روپیہ | لدی ہوئی جانور فی راس ۱/ ۔ لدی ہوئی بیل و بہیلی کی گاڑی ۱/۶ ۔ لدی ہوئی دو بیل یا بہیلی کی گاڑی ۲/۶ ۔ لدی ہوئی تین بیل یا بہیلی کی گاڑی ۳/۹ ۔ لدی ہوئی چار بیل یا بہیلی کی گاڑی ۴/۹ ۔ ہاتھ گاڑی یا ٹھیلہ فی ۱/۹ ۔ سر بوجھ و بہنگی ۔ معاف | |
| ۱۶ | مفرد ادویہ یا سند جن کی فہرست منسلک ہے و مرکب ادویات مع عرقیات و شربت | ۸/ فی روپیہ | معاف بشرطیکہ بحساب ہر باہر سل مفرد دوا علیحدہ ہو اور ... مین کوئی دو سری محصولی چیز مخلوط نہو اور مفرد و مرکب دوا ... مین ... متشددہ احکام ... | |

۱۷ ۔ واپسی محصول چنگی کا جو طریقہ بحوالہ دفعہ ۱۸ قانون چنگی جاری کیا جاتا ہے صاحب ہوم سکریٹری بہادر اسکے متعلق قواعد مرتب کر کے منظوری حاصل کر لین ۔

۱۸ ۔ دیگر شہروں کی پیداوار مثل فواکہ و ترکاری وغیرہ پر اگر بہنگام تشخیص محصول بحث واقع ہو کہ ریاست کی پیداوار ہے یا دیگر شہروں کی تو ایسی صورت مین اس امر کا بار ثبوت کہ یہ دیگر شہروں کی پیداوار ہے اہلکاران چنگی کے ذمہ ہوگا ۔

۱۹ ۔ آرد گندم اور سیدہ پر قانون چنگی بند ہے لیکن غلط فہمی سے کبھی کبھی محصول لیا گیا آئندہ یہ پابندی قانون یہ چیزین محصول چنگی سے مستثنےٰ رہین گی

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ ہو ۔

# ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

## اضافہ

۲۱ مئی ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ نہار ۔ سید عبد الحمید نائب علاقہ دار تعینہ نہر بیلا کی تنخواہ مبلغ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ محنت و ہوشیاری و ملازمت دیرینہ منظور فرمایا گیا ۔

۲۵ مئی ۱۹۲۱ء

حسب تحریر صاحب ہوم سکریٹری بہادر ۔ عزیز احمد پسر نبی احمد نقشہ نویس متوفی کی تنخواہ بارہ روپیہ ماہوار مین تئیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا اب انکو پینتیس روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی

# ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

## استعفا و رخصت

۲۲ مئی ۱۹۲۱ء

حسب تحریر صاحب ہوم سکریٹری بہادر ۔ صاحب ایگزیکٹو انجینیر ۱۸ مئی ۱۹۲۱ء کو رخصت ...

# ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

## رخصت

۱۶ مئی ۱۹۲۱ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور دام اقبالہم وملکہم ۔ حافظ حبیب النبی احمد اجلاس حاکم صاحب حضور کی رعایتی رخصت چار ماہ براہ اوائی قرض منظور ہوئی تنخواہ ماہ بماہ جس شخص کو نامزد کیا جائیگا ملتی رہیگی

## تبادلہ

۱۷ مئی ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست ۔ عنایت حسین خان بلاسپوری حضور تحصیل مین اور جمیل احمد خان گرداور تحصیل حضور سے تحصیل بلاسپور مین اور سبحان خان گرداور تحصیل ٹانڈہ سے تحصیل شاہ آباد مین اور منور حسین خان تحصیل شاہ آباد سے تحصیل ٹانڈہ کو تبدیل کئے جائین ۔

## رخصت

۲۳ مئی ۱۹۲۱ء

منشی عبد الواسع اہلمد اجلاس ہذا کی رعایتی رخصت پندرہ یوم بغرض مرمت مکان منظور کی گئی ۔

۲۵ مئی ۱۹۲۱ء

منشی ... اہلمد اجلاس کی رخصت یکماہ سات یوم بوجہ علالت بوضع نصف تنخواہ منظور ہوئی کام کا انتظام بدستور رہیگا ۔

# نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۳ لغایت ۲۹ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | | ۵ سیر | ۶ سیر | | ۶ سیر | ۵ سیر | |
| نخود خالص | | ۱۰ سیر | ۶ سیر | | ۶ سیر | ۶ سیر | |
| نخود کشتہ امیز | | ۶ سیر | ۱۰ سیر | | ۱۰ سیر | ۶ سیر | |
| کشتہ | | | ۱۰ سیر | | ۷ سیر | ۷ سیر | |
| ماش | | ۴ سیر | ۵ سیر | | ۱۰ سیر | ۵ سیر | |
| مونگ | | ۱۰ سیر | ۴ سیر | | ۱۰ سیر | ۱۰ سیر | |
| مکا | | ۰ | ۰ | | ۱۰ سیر | ۷ سیر | |
| جئی | | ۰ | ۹ سیر | | ۱۰ سیر | ۹ سیر | |
| گوجئی | | ۰ | ۷ سیر | | ۷ سیر | ۷ سیر | |
| عدس | | ۰ | ۷ سیر | | ۱۰ سیر | ۶ سیر | |
| ارہر | | ۱۰ سیر | ۷ سیر | | ۱۰ سیر | ۶ سیر | |
| برنج | | ۴ سیر | ۴ سیر | | ۴ سیر | ۵ سیر | |
| روغن زرد | | [illegible] | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | |
| روغن سیاہ | | ۱ سیر | ۱ سیر | | ۱ سیر | ۱ سیر | |
| روغن کنجد | | ۱ سیر | ۱ سیر | | ۱ سیر | ۱ سیر | |
| نمک سانبھر | | ۸ سیر | ۹ سیر | | ۸ سیر | ۹ سیر | |
| نمک لاہوری | | ۵ سیر | ۳ سیر | | ۵ سیر | ۷ سیر | |
| قند سیاہ | | ۲ سیر | ۲ سیر | | ۲ سیر | ۲ سیر | |
| باجرہ | | ۰ | ۰ | | ۰ | ۰ | |